# Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندھری)

## سورة الشعراء

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | |
|---|---|
| طسم | .1 |
| یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں | .2 |
| (اے پیغمبر) صلی اللہ علیہ وسلم شاید تم اس (رنج) سے<br>کہ یہ لوگ ایمان نہیں لاتے اپنے تئیں ہلاک کر دو گے | .3 |
| اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے نشانی اتار دیں<br>پھر ان کی گردنیں اس کے آگے جھک جائیں | .4 |
| اور ان کے پاس (خدائے) رحمٰن کی طرف سے<br>کوئی نصیحت نہیں آتی مگر یہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں | .5 |

| | |
|---|---|
| .6 | تو یہ جھٹلا چکے اب ان کو اس چیز کی حقیقت معلوم ہو گی جس کی ہنسی اڑاتے تھے |
| .7 | کیا انہوں نے زمین کی طرف نہیں دیکھا کہ ہم نے اس میں ہر قسم کی کتنی نفیس چیزیں اگائی ہیں |
| .8 | کچھ شک نہیں کہ اس میں (قدرت خدا کی) نشانی ہے<br>مگر یہ اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں |
| .9 | اور تمہارا پروردگار غالب (اور) مہربان ہے |
| .10 | اور جب تمہارے پروردگار نے موسیٰ کو پکارا کہ ظالم لوگوں کے پاس جاؤ |
| .11 | (یعنی) قوم فرعون کے پاس<br>کیا یہ ڈرتے نہیں؟ |
| .12 | انہوں نے کہا کہ میرے پروردگار میں ڈرتا ہوں کہ یہ مجھے جھوٹا سمجھیں |
| .13 | اور میرا دل تنگ ہوتا ہے اور میری زبان رکتی ہے<br>تو ہارون کو حکم بھیج کے میرے ساتھ چلیں |
| .14 | اور ان کا مجھ پر ایک گناہ (یعنی قبطی کے خون کا دعویٰ بھی) ہے<br>سو مجھے یہ ڈر ہے کہ مجھ کو مار ہی ڈالیں |
| .15 | فرمایا ہرگز نہیں<br>تم دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ<br>ہم تمہارے ساتھ سننے والے ہیں |
| .16 | تو دونوں کے فرعون کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم تمام جہان کے مالک کے بھیجے ہوئے ہیں |

| | |
|---|---|
| .17 | اور اس لئے آئے ہیں کہ آپ بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے کی اجازت دیں |
| .18 | (فرعون نے موسیٰ سے) کہا کیا ہم نے تم کو کہ ابھی بچے پرورش نہیں کیا<br>اور تم نے برسوں ہمارے ہاں عمر بسر (نہیں) کی؟ |
| .19 | اور تم نے ایک اور کام کیا تھا جو کیا تم ناشکرے معلوم ہوتے ہو |
| .20 | (موسیٰ نے) کہا کہ (ہاں) وہ حرکت مجھ سے ناگہاں سرزد ہوئی تھی اور میں خطاکاروں میں تھا |
| .21 | تو جب مجھے تم سے ڈر لگا تو میں تم میں سے بھاگ گیا<br>پھر خدا نے مجھے نبوت و علم بخشا اور مجھے پیغمبروں میں سے کیا |
| .22 | اور (کیا) یہی احسان ہے جو آپ مجھ پر رکھتے ہیں کہ آپ نے بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے؟ |
| .23 | فرعون نے کہا کہ تمام جہان کا مالک کیا؟ |
| .24 | کہا کہ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں میں ہے سب کا مالک<br>بشرطیکہ تم لوگوں کو یقین ہو |
| .25 | فرعون نے اپنے اہالی موالی سے کہا کہ کیا تم سنتے نہیں ہو |
| .26 | (موسیٰ نے کہا) کہ تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا مالک |
| .27 | (فرعون نے) کہا کہ (یہ) پیغمبر جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے مجنون ہے |
| .28 | (موسیٰ نے) کہا کہ مشرق اور مغرب میں اور جو کچھ ان دونوں میں ہے سب کا مالک<br>بشرطیکہ تم کو سمجھ ہو |
| .29 | (فرعون نے) کہا کہ اگر تم نے میرے سوا کسی اور کو معبود بنایا تو میں تمہیں قید کر دوں گا |

| | |
|---|---|
| (موسیٰ نے) کہا خواہ میں آپ کے پاس روشن چیز لاؤں (یعنی معجزہ) | .30 |
| (فرعون نے) کہا اگر سچے ہو تو اسے لاؤ (دکھاؤ) | .31 |
| پس انہوں نے اپنی لاٹھی ڈالی دی تو وہ اس وقت صریح اژدہا بن گئی | .32 |
| اور اپنا ہاتھ جو نکالا تو اسی دم دیکھنے والوں کے لیے سفید (براق نظر آنے لگا) | .33 |
| (فرعون نے) اپنے گرد کے سرداروں سے کہا کہ یہ تو کامل فن جادوگر ہے | .34 |
| چاہتا ہے کہ تم کو اپنے جادو (کے زور) سے تمہارے ملک سے نکال دے تو تمہارے کیا رائے ہے؟ | .35 |
| انہوں نے کہا کہ اسکے اور اسکے بھائی (کے بارے) میں کچھ توقف کیجئے اور شہروں میں نقیب بھیج دیجئے | .36 |
| کہ سب ماہر جادوگروں (کو جمع کرکے) آپ کے پاس لے آئیں | .37 |
| تو جادوگر ایک مقرر دن کی میعاد پر جمع ہو گئے | .38 |
| اور لوگوں سے کہدیا گیا کہ تم (سب) کو اکٹھے ہو جانا چاہیے | .39 |
| تاکہ اگر جادوگر غالب رہیں تو ہم ان کے پیرو ہو جائیں | .40 |
| جب جادوگر آ گئے تو فرعون سے کہنے لگے کہ اگر ہم غالب رہے تو ہمیں صلہ بھی عطا ہو گا؟ | .41 |
| فرعون نے کہا ہاں اور تم مقربوں میں بھی داخل کر لیے جاؤ گے | .42 |
| موسیٰ نے ان سے کہا کہ جو چیز ڈالنی چاہتے ہو ڈالو | .43 |
| تو انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالی<br>اور کہنے لگے کہ فرعون کے اقبال کی قسم ہم ضرور غالب رہیں گے | .44 |

| | |
|---|---|
| پھر موسیٰ نے اپنی لاٹھی ڈالی تو وہ ان چیزوں کو جو جادو گروں نے بنائی تھیں نگلنے لگی | .45 |
| تب جادو گر سجدے میں گر پڑے | .46 |
| (اور) کہنے لگے کہ ہم تمام جہان کے مالک پر ایمان لائے | .47 |
| جو موسیٰ اور ہارون کا مالک ہے | .48 |
| (فرعون نے) کہا کیا اس سے پہلے کہ میں تم کو اجازت دوں تم اس پر ایمان لے آئے<br>بیشک یہ تمہارا بڑا ہے جس نے تم کو جادو سکھایا ہے<br>سو عنقریب تم (اس کا انجام) معلوم کر لوگے کہ<br>میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں اطراف مخالف سے کٹوا دوں گا اور تم سب کو سولی پر چڑھا دوں گا | .49 |
| انہوں نے کہا کچھ نقصان (کی بات) نہیں<br>ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں | .50 |
| ہمیں امید ہے کہ ہمارا پروردگار ہمارے گناہ بخش<br>دے گا اس لئے کہ ہم اول ایمان لانے والوں میں ہیں | .51 |
| اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ ہمارے بندوں کو رات<br>کو لے نکلو کہ (فرعون کی طرف سے) تمہارا تعاقب کیا جائے گا | .52 |
| تو فرعونیوں نے شہروں میں نقیب روانہ کئے | .53 |
| (اور کہا) کہ یہ لوگ تھوڑی سی جماعت ہے | .54 |
| اور یہ ہمیں غصہ دلا رہے ہیں | .55 |

| | |
|---|---|
| .56 | اور ہم سب باساز وسامان ہیں |
| .57 | تو ہم نے ان کو باغوں اور چشموں سے نکال دیا |
| .58 | اور خزانوں اور نفیس مکانات سے |
| .59 | (ان کے ساتھ ہم نے) اس طرح (کیا) اور ان چیزوں کا وارث بنی اسرائیل کو کر دیا |
| .60 | تو انہوں نے سورج نکلتے ہی (یعنی صبح کو) انکا تعاقب کیا |
| .61 | جب دونوں جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں تو موسیٰ کے ساتھی کہنے لگے کہ ہم تو پکڑ لئے گئے |
| .62 | (موسیٰ نے) کہا ہرگز نہیں<br>میرا پروردگار میرے ساتھ ہے وہ مجھے راستہ بتائے گا |
| .63 | اس وقت ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی لاٹھی دریا پر مارو<br>تو دریا پھٹ گیا اور ہر ایک ٹکڑا (یوں) ہو گیا (کہ) گویا بڑا پہاڑ (ہے) |
| .64 | اور دوسروں کو وہاں ہم نے قریب کر دیا |
| .65 | اور موسیٰ اور ان کے سب ساتھ والوں کو تو بچا لیا |
| .66 | پھر دوسروں کو ڈبو دیا |
| .67 | بیشک اس (قصے) میں نشانی ہے<br>لیکن یہ اکثر ایمان لانے والے نہیں |
| .68 | اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے |

| | |
|---|---|
| اور ان کو ابراہیم کا حال پڑھ کر سنا دو | .69 |
| جب انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ تم کس چیز کو پوجتے ہو؟ | .70 |
| وہ کہنے لگے ہم بتوں کو پوجتے ہیں اور ان کی پوجا پر قائم ہیں | .71 |
| ابراہیم نے کہا کہ جب تم انکو پکارتے ہو تو کیا وہ تمہاری آواز سنتے ہیں؟ | .72 |
| یا تمہیں کچھ فائدے دے سکتے ہیں یا نقصان پہنچا سکتے ہیں؟ | .73 |
| انہوں نے کہا (نہیں) بلکہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے | .74 |
| ابراہیم نے کہا کہ تم نے دیکھا کہ جن کو تم پوجتے رہے ہو | .75 |
| تم بھی اور تمہارے اگلے باپ دادا بھی | .76 |
| وہ میرے دشمن ہیں؟ مگر خدائے رب العالمین (میرا دوست ہے) | .77 |
| جس نے مجھے پیدا کیا ہے وہی مجھے راستہ دکھاتا ہے | .78 |
| اور وہ جو مجھے کھلاتا پلاتا ہے | .79 |
| اور جب میں بیمار پڑتا ہوں تو مجھے شفا بخشتا ہے | .80 |
| اور وہ جو مجھے مارے گا اور پھر زندہ کرے گا | .81 |
| اور وہ جس سے میں امید رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن میرے گناہ بخشے گا | .82 |
| اے پروردگار مجھے علم ودانش عطا فرما اور نیکو کاروں میں شامل کر | .83 |

| | |
|---|---|
| اور پچھلے لوگوں میں میرا ذکر نیک (جاری) کر | .84 |
| اور مجھے نعمت کی بہشت کے وارثوں میں کر | .85 |
| اور میرے باپ کو بخش دے کہ وہ گمراہوں میں سے ہے | .86 |
| اور جس دن لوگ اٹھا کھڑے کئے جائیں گے مجھے رسوا نہ کیجیو | .87 |
| جس دن نہ مال ہی کچھ فائدہ دے سکے گا اور نہ بیٹے | .88 |
| ہاں جو شخص خدا کے پاس پاک دل لے کر آیا (وہ بچ جائے گا) | .89 |
| اور بہشت پرہیزگاروں کے قریب کر دی جائے گی | .90 |
| اور دوزخ گمراہوں کے سامنے لائی جائے گی | .91 |
| اور ان سے کہا جائے گا کہ جن کو تم پوجتے تھے وہ کہاں ہیں؟ | .92 |
| یعنی جن کو خدا کے سوا (پوجتے) تھے کیا وہ تمہاری مدد کرسکتے ہیں؟ یا خود بدلہ لے سکتے ہیں؟ | .93 |
| تو وہ اور گمراہ (یعنی بت اور بت پرست) اوندھے منہ دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے | .94 |
| اور شیطان کے لشکر سب کے سب (داخل جہنم ہوں گے) | .95 |
| (وہاں) وہ آپس میں جھگڑیں گے اور کہیں گے | .96 |
| کہ خدا کی قسم ہم تو صریح گمراہی میں تھے | .97 |
| جبکہ تمہیں (خدائے) رب العالمین کے برابر ٹھہراتے تھے | .98 |

| | |
|---|---|
| .99 | اور ہم کو ان گنہگاروں نے گمراہ کیا تھا |
| .100 | تو (آج) نہ کوئی ہمارا سفارش کرنے والا ہے |
| .101 | اور نہ گرم جوش دوست |
| .102 | کاش ہمیں (دنیا میں) پھر جانا ہو تو ہم مومنوں میں ہو جائیں |
| .103 | بے شک اس میں نشانی ہے<br>اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں |
| .104 | اور تمہارا پروردگار تو غالب اور مہربان ہے |
| .105 | تو قوم نوح نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا |
| .106 | جب ان سے ان کے بھائی نوح نے کہا کہ تم ڈرتے کیوں نہیں؟ |
| .107 | میں تو تمہارا امانتدار پیغمبر ہوں |
| .108 | تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو |
| .109 | اور میں اس کام کا تم سے صلہ نہیں مانگتا<br>میرا صلہ تو رب العالمین ہی پر ہے |
| .110 | تو خدا سے ڈرو اور میرے کہنے پر چلو |
| .111 | وہ بولے کہ کیا ہم تم کو مان لیں اور تمہارے پیرو تو ذلیل لوگ ہوئے ہیں |
| .112 | (نوح نے) کہا مجھے کیا معلوم کہ وہ کیا کرتے ہیں؟ |

| | |
|---|---|
| .113 | ان کا حساب (اعمال) میرے پروردگار کے ذمے ہے<br>کاش تم سمجھو |
| .114 | اور میں مومنوں کو نکال دینے والا نہیں ہوں |
| .115 | میں تو صرف کھول کھول کر نصیحت کرنے والا ہوں |
| .116 | انہوں نے کہا کہ نوح اگر تم باز نہ آؤگے تو سنگسار کر دیئے جاؤگے |
| .117 | نوح نے کہا کہ پروردگار میری قوم نے تو مجھے جھٹلا دیا |
| .118 | سو تو میرے اور ان کے درمیان ایک کھلا فیصلہ کر دے<br>اور مجھے اور جو میرے ساتھ ہیں ان کو بچا لے |
| .119 | پس ہم نے ان کو اور جو ان کے ساتھ بڑھی ہوئی کشتی میں سوار تھے ان کو بچالیا |
| .120 | پھر اس کے بعد باقی لوگوں کو ڈبو دیا |
| .121 | بے شک اس میں نشانی ہے<br>اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے |
| .122 | اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے |
| .123 | عاد نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا |
| .124 | جب ان سے انکے بھائی ہود نے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ |
| .125 | میں تو تمہارا امانتدار پیغمبر ہوں |

| | |
|---|---|
| .126 | تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو |
| .127 | اور میں اس کا تم سے کچھ بدلہ نہیں مانگتا<br>میرا بدلہ (خدائے) رب العالمین کے ذمے ہے |
| .128 | بھلا تم جو ہر اونچی جگہ پر نشان تعمیر کرتے ہو |
| .129 | محل بناتے ہو شاید تم ہمیشہ رہو گے |
| .130 | اور جب تم (کسی کو) پکڑتے ہو تو ظالمانہ پکڑتے ہو |
| .131 | تو خدا سے ڈرو اور میری اطاعت کرو |
| .132 | اور اس سے جس نے تم کو ان چیزوں میں مدد دی جن کو تم جانتے ہو ڈرو |
| .133 | اس نے تمہیں چارپایوں اور بیٹوں سے مدد دی |
| .134 | اور باغوں اور چشموں سے |
| .135 | مجھ کو تمہارے بارے میں بڑے (سخت) دن کے عذاب کا خوف ہے |
| .136 | وہ کہنے لگے ہمیں خواہ نصیحت کرو یا نہ کرو ہمارے لئے یکساں ہے |
| .137 | یہ تو اگلوں ہی کے طریق ہیں |
| .138 | اور ہم پر کوئی عذاب نہیں آئے گا |
| .139 | تو انہوں نے ہود کو جھٹلایا تو ہم نے انکو ہلاک کر ڈالا<br>بے شک اس میں نشانی ہے |

| | |
|---|---|
| | اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے |
| .140 | اور تمہارا پروردگار تو غالب اور مہربان ہے |
| .141 | اور قوم ثمود نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا |
| .142 | جب ان کو ان کے بھائی صالح نے کہا تم ڈرتے کیوں نہیں؟ |
| .143 | میں تو تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں |
| .144 | تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو |
| .145 | اور میں اس کا تم سے بدلہ نہیں مانگتا<br>میرا بدلہ (خدائے) رب العالمین کے ذمے ہے |
| .146 | کیا جو چیزیں (تمہیں یہاں میسر) ہیں ان میں تم بے خوف چھوڑ دیئے جاؤ گے؟ |
| .147 | (یعنی) باغ اور چشمے |
| .148 | اور کھیتیاں اور کھجوریں جن کے خوشے لطیف و نازک ہوتے ہیں |
| .149 | اور تکلف سے پہاڑوں میں تراش تراش کر گھر بناتے ہو |
| .150 | سو خدا سے ڈرو اور میرے کہے پر چلو |
| .151 | اور حد سے تجاوز کرنے والوں کی بات نہ مانو |
| .152 | جو ملک میں فساد کرتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے |
| .153 | وہ کہنے لگے کہ تم تو جادو زدہ ہو |

| | |
|---|---|
| .154 | تم اور کچھ نہیں ہماری ہی طرح کے آدمی ہو<br>اگر سچے ہو تو کوئی نشانی پیش کرو |
| .155 | (صالح نے) کہا (دیکھو) یہ اونٹنی ہے (ایک دن) اس<br>کی پانی پینے کی باری ہے اور ایک معین روز تمہاری باری |
| .156 | اور اس کو کوئی تکلیف نہ دینا<br>(نہیں تو) تم کو سخت عذاب آ پکڑے گا |
| .157 | تو انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر نادم ہوئے |
| .158 | سو ان کو عذاب نے آ پکڑا<br>بے شک اس میں نشانی ہے<br>اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے |
| .159 | اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے |
| .160 | (اور قوم) لوط نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا |
| .161 | جب ان سے ان کے بھائی لوط نے کہا کہ تم کیوں نہیں ڈرتے؟ |
| .162 | میں تو تمہارا امانتدار پیغمبر ہوں |
| .163 | تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو |
| .164 | اور میں تم سے اس (کام) کا بدلہ نہیں مانگتا<br>میرا بدلہ (خدائے) رب العالمین کے ذمے ہے |

| | |
|---|---|
| .165 | کیا تم اہل عالم میں سے لڑکوں پر مائل ہوتے ہو؟ |
| .166 | اور تمہارے پروردگار نے جو تمہارے لئے تمہاری بیویاں پیدا کی ہیں انکو چھوڑ دیتے ہو؟<br>حقیقت یہ ہے کہ تم حد سے نکل جانے والے ہو |
| .167 | وہ کہنے لگے کہ لوط اگر تم باز نہ آؤ گے تو شہر بدر کر دیئے جاؤ گے |
| .168 | لوط نے کہا میں تمہارے کام کا سخت بیزار ہوں |
| .169 | اے میرے پروردگار مجھ کو اور میرے گھر والوں کو انکے کاموں (کے وبال سے) نجات دے |
| .170 | سو ہم نے ان کو اور ان کے سب گھر والوں کو نجات دی |
| .171 | مگر ایک بڑھیا پیچھے رہ گئی |
| .172 | پھر ہم نے اوروں کو ہلاک کر دیا |
| .173 | اور ان پر مینہ برسایا سو جو مینہ ان (لوگوں) پر (برسا)<br>جو ڈرائے گئے تھے وہ برا تھا |
| .174 | بے شک اس میں نشانی ہے<br>اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے |
| .175 | اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے |
| .176 | اور بن کے رہنے والوں نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا |
| .177 | جب ان سے شعیب نے کہا کہ تم ڈرتے کیوں نہیں؟ |

| | |
|---|---|
| میں تو تمہارا امانتدار پیغمبر ہوں | .178 |
| تو خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو | .179 |
| اور میں اس (کام) کا تم سے کچھ بدلہ نہیں مانگتا<br>میرا بدلہ تو (خدائے) رب العالمین کے ذمے ہے | .180 |
| (دیکھو) پیمانہ پورا بھرا کرو اور نقصان نہ کیا کرو | .181 |
| اور ترازو سیدھی رکھ کر تولا کرو | .182 |
| اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دیا کرو<br>اور ملک میں فساد نہ کرتے پھرو | .183 |
| اور اس سے ڈرو جس نے تم کو اور تم سے پہلی خلقت کو پیدا کیا | .184 |
| وہ کہنے لگے کہ تم جادو زدہ ہو | .185 |
| اور تم اور کچھ نہیں ہم ہی جیسے آدمی ہو<br>اور ہمارا خیال ہے کہ تم جھوٹے ہو | .186 |
| اگر سچے ہو تو ہم پر آسمان سے ایک ٹکڑا لا گراؤ | .187 |
| (شعیب نے) کہا کام جو تم کرتے ہو میرا پروردگار اس سے خوب واقف ہے | .188 |
| تو ان لوگوں نے ان کو جھٹلایا پس سائبان کے عذاب نے ان کو آ پکڑا<br>بیشک وہ بڑے (سخت) دن کا عذاب تھا | .189 |

| | |
|---|---|
| .190 | اس میں یقیناً نشانی ہے<br>اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے |
| .191 | اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے |
| .192 | اور یہ (قرآن خدائے) پروردگار عالم کا اتارا ہوا ہے |
| .193 | اس کو امانتدار فرشتہ لیکر اترا ہے |
| .194 | (یعنی اس نے) تمہارے دل پر (القا) کیا ہے تاکہ (لوگوں کو) نصیحت کرتے رہو |
| .195 | (اور القا بھی) فصیح عربی زبان میں (کیا ہے) |
| .196 | اس کی خبر پہلے پیغمبروں کی کتابوں میں (لکھی ہوئی) ہے |
| .197 | کیا ان کے لئے یہ سند نہیں ہے کہ علمائے بنی اسرائیل اس (بات) کو جانتے ہیں؟ |
| .198 | اور اگر ہم اس کو کسی غیر اہل زبان پر اتارتے |
| .199 | اور وہ اسے ان (لوگوں) کو پڑھ کر سناتا تو یہ اسے (کبھی) نہ مانتے |
| .200 | اسی طرح ہم نے انکار کو گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیا |
| .201 | وہ جب تک درد دینے والا عذاب نہ دیکھ لیں اس کو نہیں مانیں گے |
| .202 | وہ ان پر ناگہاں آ واقع ہو گا اور ان کو خبر بھی نہ ہو گی |
| .203 | اس وقت کہیں گے کیا ہمیں مہلت ملے گی؟ |

| | |
|---|---|
| .204 | توکیا یہ ہمارے عذاب کو جلدی طلب کر رہے ہیں؟ |
| .205 | بھلا دیکھو تو اگر ہم ان کو برسوں فائدے دیتے رہے |
| .206 | پھر ان پر وہ (عذاب) آواقع ہو جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے |
| .207 | تو جو فائدے یہ اٹھاتے رہے ہیں ان کے کس کام آئیں گے؟ |
| .208 | اور ہم نے کوئی بستی ہلاک نہیں کی مگر اس کے لئے نصیحت کرنے والے (پہلے بھیج دیتے) تھے |
| .209 | تاکہ نصیحت کر دیں اور ہم ظالم نہیں ہیں |
| .210 | اور اس (قرآن) کو شیطان لے کر نازل نہیں ہوئے |
| .211 | یہ کام نہ تو ان کو سزاوار ہے اور نہ وہ اسکی طاقت رکھتے ہیں |
| .212 | وہ (آسمانی باتوں کے) سننے (کے مقامات سے) الگ کر دیئے گئے ہیں |
| .213 | تو خدا کے سوا کسی اور معبود کو مت پکارنا ورنہ تم کو عذاب دیا جائے گا |
| .214 | اور اپنے قریب کے رشتہ داروں کو ڈر سناؤ |
| .215 | اور جو مومن تمہارے پیرو ہو گئے ہیں ان سے بتواضع پیش آؤ |
| .216 | پھر اگر لوگ تمہاری نافرمانی کریں تو کہہ دو کہ میں تمہارے اعمال سے بے تعلق ہوں |
| .217 | اور (خدائے) غالب اور مہربان پر بھروسہ رکھو |
| .218 | جو تم کو جب تم (تہجد) کے وقت اٹھتے ہو دیکھتا ہے |
| .219 | اور نمازیوں میں تمہارے پھرنے کو بھی |

| | |
|---|---|
| .220 | وہ بیشک سننے والا اور جاننے والا ہے |
| .221 | (اچھا) میں تمہیں بتاؤں کہ شیطان کس پر اترتے ہیں؟ |
| .222 | ہر جھوٹے گنہگار پر اترتے ہیں |
| .223 | جو سنی ہوئی بات (اس کے کان میں) لاڈالتے ہیں اور وہ اکثر جھوٹے ہیں |
| .224 | اور شاعروں کی پیروی گمراہ لوگ کیا کرتے ہیں |
| .225 | کیا تم نے نہیں دیکھا کہ وہ ہر وادی میں سر مارتے پھرتے ہیں |
| .226 | اور کہتے وہ ہیں جو کرتے نہیں |
| .227 | مگر جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے اور خدا کو بہت یاد کرتے رہے<br>اور اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد انتقام لیا<br>اور ظالم عنقریب جان لیں گے کہ کون سی جگہ لوٹ کر جاتے ہیں<br>********** |

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com